Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

مینڈیٹ چور وزیر دفاع خواجہ آصف کی جانب سے افغانستان کی حدود میں کارروائی کے بیان کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے مینڈیٹ چور وزیر دفاع کی جانب سے نہایت غیر ذمہ دارانہ اور اشتعال انگیز بیان کی شدید مذمت۔ مینڈیٹ چور اور کٹھ پتلی وزیر اعظم سے فوری طور پر قوم کو اعتماد میں لینے کا مطالبہ

ملک کو لاقانونیت اور عدم استحکام کی آگ میں جھونک کر اور معیشت کو تباہی کے گھاٹ اتار کر انتخابات ہارا ہوا مجرموں کا ٹولہ پاکستان کو برادر ہمسایہ ملک کیساتھ تصادم کی جانب دھکیلنے کی حماقت کر رہا ہے، مودی کی محبت میں گرفتار مجرم حکمران افغانستان کے بارے میں وہی جارحانہ لب ولہجہ اختیار کر رہے ہیں جو ہندوستان پاکستان کے خلاف کرتا ہے، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف کی حکومت نے پاکستان کو افغانستان سے امریکی انخلا کے ممکنہ مہلک اثرات سے بچایا اور نئی افغان انتظامیہ کے ساتھ نتیجہ خیز تعلقات کی بنیاد رکھی، پاکستان تحریک انصاف کے دور میں پاکستان میں داخلی امن مکمل طور پر بحال ہوا جبکہ ہمسایہ ممالک خصوصاً افغانستان، ایران اور چین سے تعلقات مسلسل بہتری کی جانب گامزن تھے، ترجمان تحریک انصاف

رجیم چینج سازش کے نتیجے میں قوم پر مسلط ہونے والوں نے پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کی ساری محنت پر پانی پھیر دیا اور ذاتی مفادات کیلئے قومی مفادات کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، رجیم چینج کے منصوبہ سازوں اور ان کی کٹھ پتلیوں نے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کیا، دہشت گردوں کو پنپنے کا موقع دیا اور ہمسایوں کیساتھ الجھنے کے سلسلے کا آغاز کیا، ترجمان تحریک انصاف

عوام کی تائید اور مینڈیٹ سے محروم مجرم ہر لحاظ سے پاکستان کے دفاع، داخلی سلامتی اور مجموعی قومی مفادات کے خلاف اقدامات اٹھا رہے ہیں، سنگین ترین بحرانوں میں گھرے معاشی حالات میں ملک کے اندر یا سرحدوں پر کسی قسم کے مسلح تصادم کا دروازہ کھولنا پرلے درجے کی حماقت اور ملک و قوم سے کھلی دشمنی کے مترادف ہے، پاکستان تحریک انصاف ملک کو اندرونی طور پر مبہم اہداف کے حامل کسی فوجی آپریشن یا ایران وافغناستان سمیت کسی ہمسایے سے مسلح طور پر الجھنے کی اجازت ہر گز نہیں دے گی،

مینڈیٹ چور اور کٹھ پتلی وزیر اعظم اپنے مسخرے وزیر کے شر انگیز بیان کا نوٹس لے اور قوم کو اپنی کٹھ پتلی حکومت کے حقیقی عزائم سے آگاہ کرے، پاکستان تحریک انصاف ہمسایہ ممالک کیساتھ امن، احترام اور مستحکم باہمی روابط کے ذریعے معاملہ سازی کی وکالت کرتی آئی ہے، پاکستان اہل عالم میں ایک ذمہ دار، عالمی قوانین کا احترام کرنے اور عالمی امن کی حمایت کے حوالے سے شہرت رکھتا ہے، چنانچہ قومی مینڈیٹ سے محروم چوروں کو پاکستان کے اس تشخص اور مفادات کو نقصان پہنچانے کی ہر گز اجازت نہیں دیں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ